## محکمہ قانون و پارلیمانی امور
## آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

نمبرم ق/۵۶۱/۸۲ء مورخہ ۲۴ رمئی ۱۹۸۲ء۔ جناب صدر نے حسب ذیل آرڈیننس ۲۳ رمئی ۱۹۸۲ء کو وضع کیا جسے اطلاع عام کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے۔

## (آرڈیننس CVIII of 1982)

اسلامی (تعزیراتی)، قوانین نفاذ ایکٹ ۱۹۷۴ء میں ترمیم کیے جانے کا آرڈیننس۔

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ آزاد جموں وکشمیر اسلامی (تعزیراتی) قوانین نفاذ ایکٹ ۱۹۷۴ء میں ترمیم کی جائے۔

اور چونکہ جناب صدر کو یہ اطمینان ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جنکی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہوگیا ہے۔

لہذا اب ان اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے جو آزاد جموں وکشمیر عبوری آئین ایکٹ ۱۹۷۴ء کی دفعہ ۴۱ ذیلی دفعہ (۱) کے تحت حاصل ہیں، جناب صدر نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے۔

دفعہ ۱: **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:**۔ (۱) یہ آرڈیننس آزاد جموں وکشمیر اسلامی (تعزیراتی) قوانین نفاذ ایکٹ (ترمیمی)

آرڈیننس ۱۹۸۲ کے نام سے موسوم ہوگا۔

۲۔ یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ آزاد جموں وکشمیر اسلامی (تعزیراتی) قوانین نفاذ ایکٹ ۱۹۷۴ء کی دفعہ ۲۵ میں ترمیم۔

آزاد جموں وکشمیر اسلامی (تعزیراتی) قوانین نفاذ ایکٹ ۱۹۷۴ء دفعہ ۲۵ میں ترمیم۔

الف:-   ذیلی دفعہ(۱) کی چوتھی سطر میں "الفاظ تیس یوم" کو الفاظ "ساٹھ یوم" میں بدل دیا گیا ہے اور

(ب)   ذیلی دفعہ ۴ میں الفاظ "درمیانہ حکم" اور "کے خلاف" کے درمیان الفاظ "یا فیصلے شامل کئے گئے"

(محمد حیات خان)

صدر،

آزاد جموں وکشمیر

دستخط

(خلیل احمد قریشی)

سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور